ارباب فکر و نظر کی جانب سے ڈاکٹر شکیل اوج کی کتاب نسائیات اور ان کی دیگر کتب پر لکھے جانے والے مزید تبصرے اور خطوط آئندہ شمارے میں شائع کئے جائیں گے۔

نسائیات

پر اہل فکر و دانش کے تبصرے

۱۷ فروری ۲۰۱۳ء

سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد

محترم پروفیسر صاحب۔ السلام علیکم

آپ کی کتاب "نسائیات" (چند فکری و نظری مباحث) چیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس افتخار محمد چوہدری صاحب کو موصول ہو چکی ہے۔ جس کے لئے وہ آپ کے تہہ دل سے مشکور ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی کاوش قبول فرمائے، اس کتاب کو عوام الناس کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنائے اور ان کیلئے اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت میں معاون و مددگار رہو۔

اس موقع پر جناب چیف جسٹس صاحب آپ کے لئے نیک خواہشات اور تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔

آپ کا خیر اندیش

چوہدری عبدالحمید

(اسٹاف آفیسر ٹو چیف جسٹس آف پاکستان)

جسٹس (ریٹائرڈ) ڈاکٹر جاوید اقبال

(سابق جج سپریم کورٹ آف پاکستان)، (سابق چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ)

۱۷ مارچ ۲۰۱۳ء

(سابق سینیٹر سینیٹ آف پاکستان)

جناب پروفیسر محمد شکیل اوج صاحب۔ السلام علیکم

آپ کی ارسال کردہ تصنیف نسائیات مجھے موصول ہوگئی۔ میری طرف سے بہت بہت شکریہ قبول فرمایئے۔ میں نے ابھی اسے سرسری نظر سے دیکھا ہے کتاب میں مباحث نہایت اہم ہیں۔ میرا خیال ہے اسے عدالتوں کی لائبریریوں میں موجود ہونا چاہئے تاکہ جج صاحبان ازدواجی مسائل حل کرنے کی خاطر اس کتاب سے رہبری حاصل کر سکیں۔

زمانہ نہایت تیزی سے بدل رہا ہے۔ نئے تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کیلئے اجتہادی سوچ کے فروغ کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے۔

خیر اندیش

ڈاکٹر جاوید اقبال